
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : فرحانہ یار خان

تیسری جماعت کے لئے



## چلو دیکھتے ہیں

تحریر : عامرہ عالم، عالیہ چُنائے

تصویریں : نصرت مہدی

یہ ٹیچرز گائیڈ چوتھی جماعت کے طلباء و طالبات کے لئے لکھی گئی ہے۔

اس کتاب میں اس دنیا میں موجود قدرت کے بنائے ہوئے ہر رنگ اور ہر چیز کے بارے میں بڑی خوبصورتی سے بتایا گیا ہے یعنی زمین سے لے کر آسمان تک جتنی بھی چیزیں اس کائنات میں ہیں ان کی نشاندہی بڑے خوبصورت انداز میں کی گئی ہے۔

## پہلا سیشن

سب سے پہلے بچوں سے کہیں کہ کتاب کھولیں اور تین منٹ تک تصویروں کا مشاہدہ اور نظم کی پڑھائی خود کریں۔ اس کے بعد ٹیچر سبق ''چلو دیکھتے ہیں'' کو خود نظم کے انداز میں پڑھ کر سنائیں تا کہ بچے شوق اور دلچسپی سے سنیں۔ پھر ٹیچر بچوں کو یہ بتائیں کہ اس نظم میں ہر شعر کے آخر میں ہم آواز الفاظ ہیں جیسے تیرتے' برستے وغیرہ بچوں کو ہم آواز الفاظ سمجھانے کے بعد ٹیچر اپنی طرف سے کوئی بھی دو الفاظ ایسے دیں جن سے وہ مزید ہم آواز الفاظ لکھ سکیں۔ جیسے

| | | |
|---|---|---|
| آم | مچھلی | بادل |
| کام | بجلی | کاجل |
| نام | تتلی | چاول |
| دام | ڈفلی | |

## دوسرا سیشن

پہلے بچوں سے فرداً فرداً پڑھائی کروایئے۔ اس نظم میں سب سے پہلے آبی جانور یعنی مچھلی کے بارے میں بات کی گئی ہے۔

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کبھی سمندر یا دریا کے کنارے گئے ہیں؟ اگر گئے ہیں تو انہوں نے وہاں کیا کیا دیکھا، جیسے مچھلیاں، رنگ برنگی سیپیاں، کچھوا، ستارہ مچھلی، وغیرہ۔
- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کون سے جانور پانی میں رہتے ہیں؟ اور کون سے خشکی پر رہتے ہیں؟
- ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں بچے جانوروں کے نام بولتے جائیں اور ٹیچر لکھیں۔

| خشکی پر رہنے والے جانور | پانی میں رہنے والے جانور |
|---|---|
| | |

## گھر کا کام :

بچوں سے اپنے پسندیدہ آبی جانور کے بارے میں لکھنے کے لئے کہیں نیز اس جانور کی تصویر بھی بنوائیں۔

## تیسرا سیشن

بچوں کی لائی ہوئی تصویروں کو سوفٹ بورڈ پر لگا دیں اور ان کا لکھا ہوا پیراگراف خود بچوں سے ہی باری باری پڑھوائیں۔

بچوں کو مرکب الفاظ کی تعریف بتایئے پھر نظم میں استعمال ہونے والے مرکب الفاظ جیسے اڑتے اڑاتے ' چھپتے چھپاتے ' بتانے کے بعد دوسرے مرکب الفاظ لکھوائیں۔ مثلاً : ہنسی خوشی ' عیش و عشرت ' آرام و آسائش ' وغیرہ۔ بچے مرکب الفاظ کے جملے بھی بنائیں۔

## چوتھا سیشن

اس سیشن میں بچوں سے بارش کے بارے میں بات کیجئے کہ بارش کیسے ہوتی ہے؟ بارش سے ماحول میں کیا فرق آتا ہے۔ پھر انہیں بتائیں کہ جب بارش کی پہلی بوند زمین پر گرتی ہے تو

- مٹی سے سوندھی خوشبو آتی ہے۔
- سارے پتے دھل جاتے ہیں' درخت نکھر جاتے ہیں۔
- فصلیں اچھی ہوتی ہیں۔
- خشک سالی نہیں ہوتی۔
- گرمی کم ہو جاتی ہے۔

ٹیچر پہلے بورڈ پر لکھیں۔ بچے بعد میں کاپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام :

'' بارش رحمت ہے'' کے عنوان پر ایک مضمون لکھوائیں۔

## پانچواں سیشن

آج فرداً فرداً نظم کی پڑھائی کروائیں۔ نظم میں تتلی پر بھی بات کی گئی ہے۔ بچوں کو تتلی کے متعلق نظم سنائیں۔ مثال کے لئے ایک نظم درج ذیل ہے۔

# تتلی

پھولوں پر منڈلانے والی
مشکل سے ہاتھ آنے والی
پیارے پیارے رنگ ہیں اس کے
اچھے اچھے ڈھنگ ہیں اس کے
ریشم جیسے پر ہیں اس کے
ڈالی ڈالی گھر ہیں اس کے
ہاتھ لگے تو اڑ جاتی ہے
دائیں بائیں مڑ جاتی ہے
بچو اس کا نام بتانا
اس کو کیا کہتا ہے زمانہ

بچے اگر اپنی کوئی نظم لکھنا چاہیں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## چھٹا سیشن

اس سیشن میں بچوں کو سمتوں directions کے بارے میں بتائیں کہ مشرق، مغرب، شمال اور جنوب یہ چار سمتیں ہیں۔

سورج مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے۔

سورج کی گرمی سے فصلیں تیار ہوتی ہیں۔ آج کل تو سورج سے قوت حاصل کر کے بہت سی مشینیں چلائی جا رہی ہیں۔ اس کو شمسی توانائی یا solar energy کہتے ہیں۔ چاند اور تارے بھی سورج کے خاندان سے ہیں۔

یہ تمام معلومات بچوں سے discuss کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کروائیں۔

۱۔ سورج ہمارے کس کس طرح کام آتا ہے؟
۲۔ سورج کے علاوہ آسمان پر کون کون سی چیزیں نظر آتی ہیں؟
۳۔ اگر سورج نہیں ہوتا تو یہ دنیا کیسی ہوتی؟

## گھر کا کام :

بچے نامکمل کام گھر سے مکمل کر کے لائیں نیز تصویریں بھی بنائیں۔

## ساتواں سیشن

اس سیشن میں ٹیچر بچوں کو نظام شمسی (solar system) کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

ہماری زمین، سورج اور دوسرے سیارے (planets) اور خلاء میں گھومنے والی لاکھوں دوسری اشیاء سب مل کر کائنات کہلاتے ہیں۔ سورج اس نظام کا مرکز (centre) ہے۔

سورج کے گرد نو سیارے گردش کرتے ہیں۔ ہماری زمین (earth) بھی سورج کا ایک سیارہ ہے۔

نو سیارے (planets) یہ ہیں :

| | |
|---|---|
| عطارد | Mercury |
| زہرہ | Venus |
| زمین | Earth |
| مریخ | Mars |
| مشتری | Jupiter |
| زحل | Saturn |
| یورینس | Uranus |
| نپ چون | Neptune |
| پلوٹو | Pluto |

تمام سیاروں کے نام اردو اور انگریزی میں متعارف کروانے کے بعد ٹیچر زمین اور سورج کے بارے میں یہ معلومات بچوں کو بتائیں۔

زمین سورج سے لاکھوں کلو میٹر دور ہے۔

- سورج سے ہمیں حرارت اور روشنی ملتی ہے۔
- یہ دونوں چیزیں زندگی کے لئے بہت ضروری ہیں۔ تمام ستارے آگ کے دہکتے ہوئے گولے ہیں' ان میں گیسیں جلتی ہیں۔

## آٹھواں سیشن

ٹیچر درج ذیل سوالات بچوں سے کروا سکتے ہیں۔

ا۔ دن سے رات اور رات سے دن کیسے ہوتے ہیں؟

جواب۔ زمین سورج کے گرد گھوم رہی۔ زمین کا جو حصہ سورج کے سامنے ہوتا ہے وہاں دن ہوتا ہی اور جو حصہ سورج کے پیچھے ہوتا ہے وہاں رات ہوتی ہے۔

۲۔ سورج گرہن (eclipse of the sun) کیسے ہوتا ہے؟

جواب۔ چاند کے زمین اور سورج کے بیچ میں آنے سے سورج گرہن ہوتا ہے۔

۳۔ چاند گرہن (eclipse of the moon) کیسے ہوتا ہے؟

جواب۔ سورج کے گرد گھومتے ہوئے زمین سورج اور چاند کے بیچ میں آ جاتی ہے جس سے چاند پر سایہ پڑتا ہے جو چاند گرہن کہلاتا ہے۔

۴۔ اگر سورج نہیں ہوتا تو ہماری زمین کیسی ہوتی؟

جواب۔ اندھیرا ہوتا' پودوں کی نشونما نہیں ہوسکتی۔ پھل پھول بے رنگ ہوتے۔

## گھر کا کام :

''میں نے خلاء (space) کی سیر کی'' مضمون لکھوائیں۔

یا

خلاء کی سیر پر بچوں سے ایک scrap book بنوائیں۔

## نواں سیشن

اس سیشن میں سال کے چاروں موسموں کے بارے میں بتائیے۔ سردی ' گرمی ' خزاں اور بہار۔ ہر موسم کے بارے میں بات کریں۔ (سردی میں دن چھوٹے ہوتے ہیں۔ گرمی میں دھوپ تیز ہوتی ہے۔ خزاں میں پتے جھڑ جاتے ہیں۔ بہار میں ہر طرف پھول اور رنگ نظر آتے ہیں وغیرہ وغیرہ)

تمام معلومات پر بات چیت کے بعد کلاس کے بچوں کو چار برابر گروپوں میں تقسیم کیجئے۔

- ایک گروپ سردی کے موسم پر کام کرے کہ سردی کا موسم کیسا ہے؟ (تصویر کشی کروائیں)
- دوسرے گروپ سے گرمی کے موسم پر۔
- تیسرے گروپ سے خزاں کے موسم پر۔
- چوتھے گروپ سے بہار پر تصویر کشی کروائیں۔

چاروں گروپس کا کام **soft board** پر لگا دیں۔

## دسواں سیشن

اس سیشن میں بچوں سے اس عنوان پر بات کریں کہ اگر اس دنیا میں رنگ نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟

بچے اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

(ہر چیز سیاہ اور سفید ہوتی۔ نہ تو ہم رنگ برنگے خوبصورت پھول دیکھ سکتے اور نہ ہی رنگ برنگے پرندے اور تتلیاں۔ یہ زندگی بالکل بے رونق ہوتی۔)

اب بچوں سے کہیں کہ دی ہوئی معلومات کاپی میں لکھیں اور تصویریں بھی بنائیں۔

## گیارہواں سیشن

نظم کی فرداً فرداً پڑھائی کروانے کے بعد بچوں سے کہیے کہ نظم سے اسم چن کر لکھیں اور جملے بنائیں۔

| اسم | جملے |
| --- | --- |
| مچھلی | |
| پھول | |
| تتلی | |
| بادل | |
| سورج | |

## بارہواں سیشن

بچوں سے پوچھئے کہ ان کو یہ کتاب کیسی لگی؟ بچے اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔
کتاب پر ریویو review لکھوائیں۔

# چلو دیکھتے ہیں

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی

مطبع ٹیچرز گائیڈ : کفایت اکیڈمی

bookgroup



187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories